Day: Monday

Date: 22-9-25

## سوال

اسلام میں عورت کے حقوق قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کریں اور ان کا موازنہ مغرب سے کریں؟

## تعارف

اسلام عورت کو عزت و وقار کے ساتھ ایک مکمل شخصیت تسلیم کرتا ہے۔ قرآن و حدیث میں عورت کو وہ مقام دیا گیا جو نہ قدیم معاشروں نے دیا اور نہ مغرب کا جدید نظام دے سکا۔ قرآن و سنت میں عورت کو ماں، بیٹی، بہن اور بیوی کے طور پر بلند مقام دیا گیا۔ اس کے برعکس مغرب نے عورت کو آزادی کے نام پر استعمال کا شکار بنایا۔ ذیل میں قرآن و حدیث اور تاریخی شواہد کی روشنی میں اسلامی حقوق اور مغربی نظریات کا تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

1. انسانی مساوات
2. تعلیم کا حق
3. نکاح میں مرضی کا حق

Day: Date:

مہر کا حق 4
وراثت کا حق 5
خلع اور طلاق کا حق 6
ماں کا مقام 7
بیٹی کا مقام 8
پردہ اور عفت 9
شوہر کے ساتھ حسن سلوک / بحیثیت زوجہ 10
معاشرتی مشاورت کا حق 11
معاشی تحفظ 12
روزگار کی اجازت عزت کے ساتھ 13
عورت کی گواہی 14
جہیز کی لعنت سے آزادی 15
مساوات عبادت 16
جہاد میں کردار 17
نتیجہ

no need for a detailed outline for a 20 marks answer.

## 1 انسانی مساوات

اسلام نے عورت کو مرد کے برابر ایک معزز انسان قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں ارشاد فرماتے ہیں۔

ولقد کرمنا بنی آدم (بنی اسرائیل: 70)

Day: ____ Date: ____

ترجمہ:

"اور بے شک ہم نے آدم کی اولاد کو عزت بخشی۔"

یہ آیت واضح کرتی ہے کہ عورت اور مرد دونوں کو یکساں عزت دی گئی ہے۔

← مغرب میں برابری کے دعوے کے باوجود عورت کو تجارتی اشتہارات، فیشن شوز اور فلم انڈسٹری میں صرف جسمانی نمائش کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## 2 تعلیم کا حق

اسلام نے عورت کو تعلیم حاصل کرنے کا حق دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔"** (ابن ماجہ)

اس سے عورت کی فکری و علمی ترقی کا دروازہ کھولا گیا۔

← مغرب میں تعلیم کا مقصد زیادہ تر معاشی مقابلہ اور ملازمت تک محدود ہے جس سے عورت کی شخصیت کا توازن بگڑ جاتا ہے۔

Day:

Date:

## 3 نکاح میں مرضی کا حق

اسلام میں عورت کو اپنے نکاح میں رائے دینے کا مکمل حق دیا۔ ایک لڑکی نے نبی کریم ﷺ سے نکاح فسخ کروایا کیونکہ مرضی کے بغیر نکاح ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کا فیصلہ قبول فرمایا۔ (نسائی)

← مغرب میں نکاح کی اہمیت ختم ہو چکی ہے وہاں آزاد تعلقات اور ہم جنس پرستی عام ہیں جو خاندانی نظام کو تباہ کر رہے ہیں۔

## 4 مہر کا حق

اسلام نے مہر کو عورت کا بنیادی حق قرار دیا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

**ترجمہ:**

"اور عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی کے ساتھ ادا کرو" (النساء : 4)

مہر عورت کے وقار اور مالی تحفظ کی ضمانت ہے۔

← مغرب میں عورت کو شادی کے وقت ایسا کوئی مالی حق نہیں ملتا بلکہ وہ بھی خرچ اٹھاتی ہے۔

Day:

Date:

## 5 وراثت کا حق

اسلام نے عورت کو وراثت میں حصہ دیا۔
قرآن پاک ارشاد ہے۔
ترجمہ: "مرد کیلئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے" (النساء: ۱۱)
مغرب میں قانونی طور پر برابری ہے مگر عملی طور پر عورت اکثر وراثت سے محروم رہتی ہے اور خاندان اسے جائیداد سے الگ کر دیتا ہے۔

## 6 طلاق / خلع کا حق

اسلام سے قبل عورت کو اپنے شوہر سے جس نے اسے خدمت گار بنائے رکھا ہو تھا سے آزادی حاصل کرنے کیلئے سماج کے در در دھکوں میں سرگرداں ہونا پڑتا تھا۔ کیونکہ کوئی قانون موجود نہیں تھا جو عورت کو اپنے شوہر کو چھوڑ کر آزادی اور علیحدگی کا حق دیتا۔ اسلام صراحت و وضاحت کے ساتھ عورت کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ جب بھی چاہے اپنے حق کو استعمال کر سکتی ہے۔ ناکام شادی کے اختتام

keep the description of a single argument a bit brief.

Day:

Date:

کا حق تو تسلیم شدہ ہے، خاندان کی پائیداری
اور وقتی جذباتی فیصلوں سے بچانے کیلئے بہرحال
کچھ مخصوص اقدامات اور انتظامی دورانیہ
طلاق کے حوالے سے مردوں اور عورتوں کو مہیا
کیا جانا چاہیے۔ جب کسی عورت کو علیحدگی
درکار ہو تو وہ عدالت میں خلع کا مقدمہ
دائر کر سکتی ہے۔ لیکن اگر شادی کے
معاہدہ کی رو سے اجازت ہو تو عورت بھی
بھی مردوں کی طرح اپنے شوہر کو عدالت
سے رجوع کیے بغیر طلاق دے سکتی ہے
لیکن طلاق واحد ایک ایسی حلال چیز
ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔
مغرب میں طلاق اتنی عام ہے کہ family
breakdown عام ہو گیا ہے Single-Parent کے
homes میں پل رہے ہیں جس سے اخلاقی
زوال بڑھ رہا ہے۔

use specific and self explanatory headings.

## بحیثیت ماں 7

اسلام میں خدا کی عبادت کے بعد والدین
کے ساتھ مہربانی کو دوسرا درجہ دیا گیا ہے
ایک شخص حضور اقدس کے پاس آیا

Day: ______ Date: ______

اور پوچھا: یا رسول اللہ! لوگوں میں سے میرے اوپر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟
رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا: تمہاری ماں کا
اس شخص نے پوچھا اس کے بعد کس کا؟
رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا: تمہاری ماں کا۔ اس شخص نے پھر پوچھا پھر کس کا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے باپ کا۔ (بخاری و مسلم)

ایک مشہور حدیث ہے کہ
"جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔"

مغرب میں ماؤں کو اولڈ ہومز میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ جہاں وہ تنہائی اور اذیت میں زندگی گزارتی ہیں۔

## 8 بیٹی کا مقام

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
"جو شخص تین بیٹیوں کی پرورش کرے انہیں ادب سکھائے ان پر رحم کرے اور اچھی جگہ ان کی شادی کرے اس کیلئے جنت واجب ہو گئی"

Day:

Date:

اسلام نے بیٹی کو بوجھ نہیں بلکہ رحمت قرار دیا۔

مغرب میں Abortion عام ہے اور لاکھوں بچیاں ماں کے پیٹ میں ہی قتل کر دی جاتی ہیں۔

## 9 پردہ اور عفت

اسلام نے عورت کو عزت کے ساتھ پردہ دیا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

ترجمہ: اور ایمان والی عورتوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں۔ (النور: 31)

مغرب میں عورت کی جسمانی نمائش کو آزادی کہا جاتا ہے لیکن یہ حقیقت میں اس کی تذلیل ہے۔

## 10 بحیثیت زوجہ

قرآن صریح وضاحت کے ساتھ بیان کرتا ہے کہ شادی ایک سماجی فریضہ ہے اور اس کا مقصد انسانی زندگی کی

Day: ________ Date: ________

لقا کے ساتھ روحانی بالیدگی اور جذباتی فلاح و تسکین حاصل کرتا ہیں۔ گھرانی اور اس کی بنیاد محبت اور ہمدردی ہیں۔

**قرآن میں ارشاد ہے۔**

**ترجمہ:** "اور اسی کی نشانات میں سے ہے کہ اس نے **تمہارے** لیے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کی تا کہ اُن کی طرف (مائل ہوکر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کردی" **(الروم: 21)**

← مغرب میں sexual اور domestic violence harassment کی شرح سب سے زیادہ ہے۔

## 11 مشاورت کا حق

اسلام نے عورت کی رائے کو اہمیت دی صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت ام سلمہؓ کا مشورہ نبی کریمؐ نے قبول فرمایا (ابن ہشام)

← مغرب میں سیاسی نمائندگی زیادہ تر نمائشی ہے حقیقی فیصلہ سازی میں عورت کو جگہ نہیں دی جاتی۔

## 12 معاشی تحفظ

اسلام میں مرد پر عورت کا فرض تھا

Day: Date:

واجب ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے

ترجمہ: "مرد عورتوں پر ذمہ دار ہیں"
(النساء: 34)

← مغرب میں عورت خود کفیل بننے پر مجبور ہے جس سے دوہرا بوجھ اٹھاتی ہے

## 23 روزگار کی اجازت

حضرت شفا بنت عبداللہ کو مدینہ کے بازار کی نگرانی دی گئی (ابن سعد)
اسلام نے عورت کے ساتھ روزگار کی اجازت دی ہے۔

← مغرب میں عورتوں Cheap labour بنا کر ان کی محنت کو exploit کیا جاتا ہے۔

## 14 گواہی کا حق

اسلام نے عورت کی گواہی کو تسلیم کیا اور اسے عدالت میں مقام دیا
قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

ترجمہ: "بس ایک مرد اور دو عورتیں"
(البقرہ: 282)

Day: Date:

مغرب میں صدیوں تک عورت کو گواہی اور شہادت کا حق نہیں دیا گیا۔

## 15 جہیز سے آزادی

اسلام نے عورت پر جہیز کا بوجھ نہیں ڈالا بلکہ مہر شوہر کی ذمہ داری بنایا۔
مغرب میں materialism نے عورت کو showpiece بنا دیا ہے جہاں وہ معاشی دباؤ اور فیشن کی دوڑ کا شکار ہے۔

## 16 مساواتِ عبادت

اسلام نے عورت کو اعمال کی بنیاد پر جنت و دوزخ کا حق دار قرار دیا۔
قرآن پاک میں ارشاد ہے:
"میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کروں گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔"
(آل عمران: 195)
یعنی مرد اور عورت دونوں کو یکساں اجر ملتا ہے۔
مغرب میں عورت کو روحانی سکون نہیں

Day:
Date:

مثلاً: دیا ن materialism نے اسے دین سے محروم کر دیا ہے۔

## 17 جہاد میں کردار

حضرت نسیبہ بنت کعبؓ نے غزوہ احد میں نبیؐ کا دفاع کیا۔ یہ اسلام میں عورت کے کردار کی مثال ہے۔
مغرب میں عورت کو military میں شامل تو کیا گیا لیکن صرف showpiece اور propaganda کے طور پر نہ کہ عزت و احترام کے ساتھ۔

## نتیجہ

اسلام نے عورت کو وہ حقوق دیے ہیں جو انسانی تاریخ میں کسی اور نظام نے نہیں دیے۔ ماں، بیٹی، بہن اور بیوی ہر روپ میں اسے عزت اور مقام عطا کیا۔ مغرب نے آزادی کے نعرے لگائے لیکن حقیقت میں عورت استحصال، تنہائی اور بے سکونی کے سوا کچھ نہ دیا۔ حقیقی کامیابی عورت کیلئے صرف اسلامی نظام میں ہے۔